سوال نمبر: 217

منجانب: جناب سجاد اللہ صاحب، رکن صوبائی اسمبلی

نمبر شمار	سوال	جواب
(الف)	کیا وزیر بلدیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ آیا یہ درست ہے کہ ضلع کوہستان لوئر میں ڈسٹرکٹ سیکرٹریٹ کی عمارت زیر تعمیر ہے؟	جی ہاں۔
(ب)	اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ عمارت کے لئے کتنا فنڈ مختص کیا گیا ہے؟ نیز عمارت کو کب تک فعال کیا جائیگا، تفصیل فراہم کی جائے۔	ڈسٹرکٹ سیکر ٹریٹ کو ہستان لوئر عمارت کی منظوری بتاریخ: 16/11/2016 کو ہوئی۔ جسکی تخمینہ لاگت 349.501 ملین روپے جسمیں 279.50 ملین روپے کی رقم سول ورکس اور 70.00 ملین کی رقم زمین کے معاوضوں کی ادائیگی کیلئے مختص ہے۔ اسکیم پر کام کا باقاعدہ آغاز جون 2019 سے شروع ہوا ہے مگر فنڈ کی عدم دستیابی کی وجہ سے تاخیر کا شکار ہے۔ سال 2019 سے لے کر اب تک 130.372 ملین کی رقم سکیم پر خرچ ہو چکی ہے اور 60.372 ملین سول ورکس کی مد میں خرچ کی جا چکی ہے۔ 2019 سے لے کر 2024 تک تخمینہ لاگت کی 21.62 فیصد رقم سکیم پر ریلیز کی جا چکی ہے جو کہ کام کو بلا تعطل جاری رکھنے کیلئے ناکافی تھی۔ اسکیم پر 30 فیصد تعمیراتی کام مکمل ہو چکا ہے اور تخمینہ لاگت کا بقیہ حصہ اگر سلسلہ وار جاری رکھا جائے تو سکیم کو دو سال کی مدت میں مکمل کیا جا سکتا ہے۔